اشاریہ
ضیائے حرم
ماہنامہ ضیائے حرم لاہور کے
ابتدائی بیس سال کا مفصل اشاریہ
مرتّب
عابد حسین شاہ (پیرزادہ)

اشاریہ ضیائے حرم

(اکتوبر ۱۹۷۰ء تا ستمبر ۱۹۹۰ء)

ضیائے حرم میں ابتدائی بیس سالوں میں شائع ہونے والے مقالات، حمد، نعت، مناقب، منظومات متفرقہ، اداریات، تبصرہ شدہ کتب، خطوط و پیغامات، خطاطی کے نمونے، عکس تحریرات، نقشہ جات، وفیات وغیرہ مواد کا مکمل اشاریہ

مرتب

(پیرزادہ) عابد حسین شاہ

ناشر

بہاء الدین زکریا لائبریری بمقام چھونبی (CHHUNBI) تحصیل و نزد چوآ سیدن شاہ ضلع چکوال (پنجاب) پوسٹ کوڈ ۔۔۔ ۴۸۳۲۱

اسلامی جمہوریہ پاکستان

سلسلہ اشاعت نمبر ۱

کتاب	اشاریہ ضیائے حرم
مرتب	(پیرزادہ) عابد حسین شاہ
معاونت	فیض بتول
کمپوزنگ	شیر ربانی لیزر کمپوزنگ سینٹر D.H.A. کراچی
صفحات	۳۳۲
مطبع	
ایڈیشن	اوّل
سال اشاعت	۱۹۹۷ء / ۱۴۱۸ھ
تعداد	ایک ہزار
قیمت	۱۲۰ / روپے
سرورق	عبدالرشید صدیقی

ناشر

بہاء الدین زکریا لائبریری بمقام چھونبی (CHHUNBI) تحصیل و نزد چوا۔
سیدن شاہ ضلع چکوال (پنجاب) پوسٹ کوڈ۔۔۔ ۴۸۳۲۱
اسلامی جمہوریہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست

انتساب

حضرت شیخ المشائخ ابو الفتح رکن الدین والعالم ملتانی سہروردی
رحمتہ اللہ علیہ وفات ۷۳۵ھ / ۱۳۳۵ء کے نام

تعارف

صحافت کی ترویج و توسیع کے حوالے سے جنوبی ایشیا کے مسلمان دوسری قوموں کے مقابلے میں خاصے پیچھے رہے۔ اسی وجہ سے مسلم قیادت کو اپنی صفوں میں سیاسی بیداری، اتحاد اور تنظیم کا شعور پیدا کرنے میں گوناگوں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ملت اسلامیہ کو دینی اصلاح و تبلیغ اور سیاسی جدوجہد کے چیلنج کا سامنا بیک وقت کرنا تھا۔ اس لئے انیسویں صدی کے اوائل ہی سے ہمیں اپنی صحافت میں ان دوگونہ مقاصد کی ترجمانی کے آثار ملتے ہیں۔ سرسید ہوں یا ابوالکلام آزاد۔ محمد علی جوہر ہوں یا ظفر علی خاں خواجہ حسن نظامی ہوں یا حکیم معراج الدین احمد امرتسری۔ ہماری اقلیم صحافت کے ممتاز زعما دینی و دنیاوی علوم سے بہرہ ور ہونے کے ساتھ ساتھ احیائے دین اور قومی آزادی کے بھی بیک وقت داعی و مجاہد تھے۔ اسی طرح مسلم اخبارات نے جہاں قوم کے سیاسی و معاشرتی مسائل پر توجہ دی وہاں خالص دینی مسائل کی اشاعت کا اہتمام بھی مسلم صحافت کا طرۂ امتیاز رہا۔ بلاشبہ دینی صحافت کی اہمیت اور قدر و قیمت کا اعتراف کئے بغیر ہماری قومی تاریخ کے پیچ و خم کو کماحقہ سمجھنا ممکن نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ مادی وسائل کی کمی کے باعث معیاری مسلم اخبارات بہت کم اشاعت پذیر ہوئے اور مسلمانوں کے تشخص و حقوق کے تحفظ کی جنگ زیادہ تر مسلم جرائد و رسائل نے لڑی اس لئے قیام پاکستان تک کی تاریخ صحافت میں ہمیں مسلم روزناموں کے مقابلے میں مسلم جرائد و رسائل کا کردار زیادہ اہم اور پلہ بھاری نظر آتا ہے۔

برطانوی دور کی آمد کے ساتھ مسلمانوں کا مروجہ تعلیمی نظام درہم برہم ہوا۔ تو دینی اور دنیاوی تعلیم کے دو متوازی دھارے منظر عام پر آئے۔ جدید انگریزی تعلیم کی درسگاہیں تو زیادہ تر سرکاری انتظام یا سرپرستی سے قائم ہوئیں مگر دینی مدارس خود مسلمانوں کی اپنی مساعی سے معرض وجود میں آئے۔ ان میں دیہی سطح کے مکتب سے لے کر مدرسہ فیض عام کانپور (۱۲۷۷ھ / ۱۸۶۲ء)، دارالعلوم دیوبند (۱۲۸۳ھ / ۱۸۶۶ء)، دارالعلوم انجمن نعمانیہ لاہور (۱۳۰۵ھ / ۱۸۸۷ء) ایسے اہم ادارے شامل تھے ان مدارس نے نہ صرف دینی علوم کے تحفظ و اشاعت اور دینی قیادت کی تربیت کا اہتمام کیا۔ بلکہ مسلمانوں کو اپنے دین سے بدگمان اور منحرف کرنے کی مختلف تحریکوں کا بھی بھرپور مقابلہ کیا۔ نوجوان طبقے میں بالخصوص دینی حمیت و عصبیت کو اجاگر کیا جو بالآخر ملت اسلامیہ کی نشاۃ ثانیہ اور قیام پاکستان کا باعث بنی۔

دینی مدارس تدریسی انتظامات کے علاوہ دینی لٹریچر کی تصنیف و اشاعت کو بھی اپنا مقدس فریضہ تصور کرتے تھے۔ اس سلسلے میں ان کے جرائد و رسائل کو خاص اہمیت حاصل رہی۔ پاکستان اور ہندوستان کے بعض ممتاز دینی رسائل تو ایک صدی سے بھی زائد عرصے سے دعوت و تبلیغ کے جہاد میں سرگرم عمل ہیں۔ اور ان میں مطبوعہ مضامین پر مشتمل کتب کو ہمارے دینی لٹریچر کا بیش بہا خزانہ تصور کیا جاتا ہے۔

پاکستان کی آزاد اسلامی ریاست کے قیام سے جہاں قومی زندگی کے دوسرے شعبوں میں ترقی کے امکانات پیدا ہوئے۔ وہاں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دینی مدارس اور دینی صحافت کی ترقی و توسیع کے انتظامات کی بھی ارزانی ہوئی۔

چنانچہ ملک کے طول و عرض میں دینی مدارس تبلیغ و اشاعت اسلام کے لئے کوشاں ہیں۔ سرکاری سطح پر مختلف یونیورسٹیوں میں اسلامی تعلیمات کے شعبے اعلیٰ مدارج تک تعلیم و تحقیق میں منہمک ہیں انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کے قیام سے اس فریضے کی انجام دہی کو اور بھی تقویت ملی ہے۔ ممتاز سرکاری اور غیر سرکاری ادارے تعلیم و تحقیق کے ساتھ ساتھ تبلیغ و اشاعت کے لئے موقر جرائد و رسائل کی اشاعت کا اہتمام بھی کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں پاکستان سے فکر و نظر، رضائے مصطفےٰ، البلاغ، نورِ اسلام، بینات، ترجمانِ اہلسنت اور الحق جبکہ بھارت سے معارف، برھان، استقامت اور اعلیحضرت قابل ذکر ہیں۔

پیر محمد کرم شاہ صاحب الازہری کی سرپرستی میں دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ (ضلع سرگودھا) سے ماہنامہ ضیائے حرم کا اجرا (اکتوبر ۱۹۷۰ء) قیام پاکستان کے بعد کی قابل ذکر تبلیغی و اشاعتی کوششوں میں ایک منفرد مثال ہے۔ رسالے کے بانی محترم کے الفاظ میں ضیائے حرم کے اجرا کا مقصد "اسلامی تعلیمات کو موثر پیرائے میں بیان کرنا۔ اسلام کی معاشی معاشرتی، سیاسی اور اخلاقی گوشوں کی خوبیوں کا آشکار کرنا اور دیگر نظاموں پر ان کی برتری اور فوقیت ثابت کرنا۔۔۔ ہے۔ اور "ہر امتی کے دل میں اس کے محبوب مرشد صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا چراغ روشن کرنا۔۔۔۔ خلفائے راشدین، آئمہ اہل بیت اور دیگر اعاظم رجال کی سوانح حیات کو قارئین کے مطالعہ کے لئے پیش کرنا ضیائے حرم کا فرض اولین ہے"۔۔۔۔ ضیائے حرم کے گزشتہ ربع صدی کے مضامین و مندرجات شاہد ہیں کہ توفیق ایزدی سے اسے اپنے مقاصد کے حصول میں گراں قدر کامیابی حاصل ہوئی ہے اور اس کے کارپردازوں کے حسن نیت۔ اخلاص اور محنت کے بدولت ضیائے حرم کو نہ صرف پاکستان بلکہ تمام عالم اسلام کے اردو دان حلقوں میں پُر تپاک اور وسیع پذیرائی ملی ہے۔

صحافتی ادب سے استفادہ کے سلسلے میں ایک بڑی رکاوٹ یہ رہی ہے۔ کہ ابھی تک ہمارے ہاں جرائد و رسائل میں مطبوعہ مضامین و مندرجات کا اشاریہ مرتب کرنے کی روایت جڑ نہیں پکڑ سکی۔ اس طرح ہم ماضی کی اہم اور معرکہ آراء تخلیقات سے فائدہ اٹھانے سے محروم رہ جاتے ہیں۔ کیونکہ مختلف رسالوں کے فائل بہت کم جگہ دستیاب ہیں اور اشاریہ نہ ہونے کے باعث اپنی ضرورت اور دلچسپی کے مضامین کی تلاش ایک امر محال ہے۔ تصنیف و تالیف اور فن کتاب داری کے نئے تقاضوں کے پیش نظر اب اہم قومی اخبارات و رسائل کے اشاریے مرتب کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ اسے بجاطور پر علمی تحقیق کی سرپرستی و حوصلہ افزائی کی جانب ایک مثبت قدم تصور کیا جانا چاہیئے۔

پیرزادہ عابد حسین شاہ تہنیت و مبارک باد کے مستحق ہیں کہ ان کو "اشاریہ ضیائے حرم" کے زیر عنوان ماہنامہ ضیائے حرم کے پہلے بیس سالوں (اکتوبر ۱۹۷۰ء تا ستمبر ۱۹۹۰ء) کا اشاریہ مرتب کرنے اور اسے کتابی صورت میں پیش کرنے کی سعادت کی ارزانی ہوئی۔ اس اشاریے کے ذریعے انہوں نے اہل علم و عقیدت کو ضیائے حرم کے گزشتہ شماروں میں مدفون خزانے سے استفادہ و اکتساب کا زریں موقع بہم پہنچایا ہے۔ اشاریہ پر ایک نظر ڈالنے ہی سے ضیائے حرم کے مضامین کی وسعت اور بلندی معیار کے ساتھ اس کے مضمون نگاروں کے احساس ملی اور تبحر علمی کا احساس نمایاں ہوتا ہے۔ مؤلف نے اشاریے کی ترتیب و تالیف میں تمام پیشہ ورانہ اصول و قواعد کا التزام کیا ہے۔ تاہم وہ اس مجموعے میں بوجوہ مضامین و موضوعات پر مبنی اشاریہ (subject index) مضمون نگار (author

inde..) کے اشاریہ کے ہمراہ شامل نہیں کر سکے۔ امید ہے کہ وہ زیر نظر کتاب کے آئندہ ایڈیشن میں اس کمی کو بھی پورا کرنے کی کوشش کریں گے۔

پیرزادہ عابد حسین شاہ نے پنجاب کے ایک دور افتادہ گاؤں میں بیٹھ کر جس عقیدت و انہماک اور عرق ریزی سے ضیائے حرم کا اشاریہ مرتب کیا ہے۔ وہ انہی کا خاصہ ہے۔ یقیناً اس سے بہت سے دوسرے اہل فن کو ہمارے جرائد و رسائل میں مدفون علمی و دینی خزانے کو منظر عام پر لانے کے لئے اشاریے مرتب کرنے کی تحریک ہوگی اور ہمارے معاشرے میں تحصیل علم و فن کی مساعی کو فروغ حاصل ہوگا۔

اللہ تعالیٰ پیرزادہ عابد حسین شاہ کو ضیائے حرم کا اشاریہ مرتب کرنے کے اجر سے نوازے اور انہیں اسی طرح کے دوسرے جرائد و رسائل کے اشاریے مرتب کرنے کی توفیق بھی عطا فرمائے۔ آمین

۱۶ فروری ۱۹۹۷ء — (پروفیسر) زکریا ساجد

اے ۳۲۴ - بلاک ۲ — ڈائرکٹر پریس انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان

گلشن اقبال۔ کراچی — سابق صدر شعبۂ ابلاغیات عامہ جامعہ کراچی

حرفِ چند

عالمی سطح پر، مجموعی طور پر، مطبوعات کی روز بروز فراوانی اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے اطلاعاتی دھماکے نے کچھ ایسی گھمبیر صورت حال پیدا کر رکھی ہے کہ ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ نے اطلاعات کے اس سیلاب میں علم و دانش کے ضائع ہونے کے خطرہ کا برملا اظہار بھی کیا ہے۔ اس بات کو کہے ہوئے بھی خاصا عرصہ گزر چکا ہے۔ اس بڑھتے ہوئے اطلاعاتی دباؤ نے تو اب علم کی فردیت اور بہ این ہمہ اس کی پیچیدگیوں میں اور بھی اضافہ کر دیا ہے۔ لیکن ابلاغیات اور کمپیوٹر کی تکنیکی ترقی اور اس کے نتیجہ میں اطلاعاتی تکنیات کے رواج نے ایک بہتر اور برق رفتار نظام ترسیل وضع کرنے میں مدد فراہم کی ہے۔ اب اطلاعات اور خود دستاویزات کی بہم رسانی اس دنیا کے وسیع و عریض اور دور افتادہ علاقوں میں کوئی مشکل کام نہیں رہا۔ صرف توانائی اور بنیادی ڈھانچے جیسی سہولیات سمیت تابع سیارے کی زد میں ان علاقوں کا ہونا ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب یہ ساری کائنات سمٹ کر ایک عالمی دیہات بن گئی ہے۔

اس تناظر میں ہمیں اپنی زبانوں کے لٹریچر کو سمیٹنا ہو گا اور اسے اپنے ملک اور ساری دنیا کے لیئے قابل رسا بنانا ہو گا۔ اب یہ کہہ کر چھٹکارہ حاصل نہیں ہو سکتا کہ ہماری دسترس میں لٹریچر نہ تھا اور نہ یہ کہہ کر گلو خلاصی حاصل ہو سکتی ہے کہ ہمارے کتابی ذخائر ناقابل رسا ہیں اور یہ کہ ہم اپنے ملک پر تحقیق کرنے کے لیے باہر ممالک جانے کی استعداد نہیں رکھتے۔ ہمارے ملک میں بھی اب کمپیوٹر وافر تعداد میں استعمال ہونے لگے ہیں، اب ہمیں صرف اپنے وسائل کو عالمی سطح پر مطابقت رکھنے والی مشینوں کے ذریعہ سے مربوط بنانے کی ضرورت ہے کہ اولاً ہم مقامی سطح پر اپنے ذخائر سے مستفید ہو سکیں اور ثانیاً ہم بیرون ملک کے وسائل سے بھی استفادہ کر سکیں۔ ہم جتنے کتب خانوں کے ذخائر کو اس نظام میں داخل کریں گے اتنی ہی کم قیمت میں ہم عالمی سطح پر لٹریچر کی تلاش سیکنڈوں میں کر سکنے کے قابل بن سکیں گے۔

یہ بات مسلمہ ہے کہ کوئی بھی ملک اب اپنے اطلاعاتی نظام کو آسان اور قابل رسا بنائے بغیر ترقی نہیں کر سکتا۔ یہ نظام بھی اب قومی ترقی میں ایک اہم بنیادی ڈھانچے کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ ہماری ملک کی ترقی بھی اب Internet کی طرح ایک ملک گیر اطلاعاتی نظام کی تشکیل چاہتی ہے جو عالمی سطح پر بھی قابل رسا ہو۔

ایک اور دشواری جو ہمارے راہ میں حائل رہتی ہے وہ ہمارے رویے اور ترجیحات کی پیدا کردہ ہے۔ ہم نے تعلیم اور خواندگی جیسے اہم کاموں کو پس پشت ڈال رکھا ہے، ہماری سوچ غالباً اس بات کا تصور کرنے سے قاصر رہی ہے کہ دیرپا انقلاب تو تعلیم اور خواندگی سے ہی لائے جا سکتے ہیں، جبر و تشدد یا قدغن لگا کر برپا نہیں کیئے جا سکتے۔ تعلیم کو پرے ڈال کر ہم نے اپنی قومی اور علاقائی زبانوں کو بھی اچھوت بنا رکھا ہے یا یوں کہہ لیجئے کہ اپنی پہچان کے لیئے انہیں کم درجہ دے رکھا ہے۔ اگرچہ مغرب کے لائے ہوئے مشینی انقلاب نے مکان و زمان کے ساتھ زبان کی تشخیص کو بھی غیر ضروری بنا دیا ہے، اب ہر زبان دنیا کے کسی علاقے میں بغیر کسی روک ٹوک کے کمپیوٹر اور فیکس کے ذریعہ پہنچائی جا سکتی ہے۔ اسی طرح سی ڈی رام کی ڈسک بھی ان کی متحمل ہو سکتی ہے۔ مگر اب بھی ہم اپنی زبانوں کو اطلاعاتی شاہراہ پر منظر عام پر لانے کے لیئے گریزاں ہیں۔

ہم نے اب تک اپنی قومی اور علاقائی زبانوں کے لٹریچر کو کتابیاتی رسائی کی سہولت فراہم نہیں کی ہے۔ خود اردو زبان میں ایک محتاط اندازے کے مطابق تقسیم ہند سے پہلے ۶۰ ہزار کتابیں چھپی ہوئی موجود تھیں، رسائل کے مضامین اس کے علاوہ تھے۔ لیکن ہم نے اب تک ان کی ایک مکمل فہرست بھی نہیں بنائی ہے جب کہ برطانیہ اور خود بھارت میں ؟؟ حوالے سے کام ہو چکا ہے۔ اردو رسائل اور اخبارات کے اشاریئے جو پاکستان کے قیام کے بعد شائع ہوئے ہیں وہ بھی بس خال خال اور نامکمل حالت میں کہیں مل جاتے ہیں۔ وہ اشاریئے اور کتابیات جو مولوی عبدالحق صاحب کی نگرانی میں انجمن ترقی اردو پاکستان نے شائع کیئے تھے وہ ویسے کے ویسے پڑے رہ گئے ہیں، کوئی انہیں خریدتا بھی نہیں۔ جمیل الدین عالی نے "قاموس الکتب" کی پہلی جلد، جو نامکمل لیکن بڑے طمطراق سے یونیسکو کے تعاون سے انجمن نے ۱۹۶۱ء میں ۵ سو کی قلیل تعداد میں شائع کروائی تھی، اس کے بارے میں رضا علی عابدی کی کتاب کی تقریب رونمائی میں، آج سے ۱۲ سال پہلے، یہ حیرت انگیز انکشاف اس وقت کیا تھا کہ صرف چند جلدیں ہی اس قاموس کی ۱۹۸۵ء تک بک پائی تھیں۔ آج بھی کتابیات کے بکنے کی یہی کیفیت ہے۔ جب کہ باہر کے ممالک میں ان کو خریدنا ضروری خیال کیا جاتا ہے۔ یہ ممالک ہماری زبانوں کی کتابیں بھی خریدتے ہیں اور ان کی کتابیات بھی باقاعدگی سے شائع کرتے ہیں۔ ان میں PL - 480 پروگرام کے تحت لائبریری آف کانگریس آفس، امریکہ سے شائع ہونیوالی South Asia - Aecession List کا ذکر یہاں مناسب ہو گا۔ ہمارے ملک میں بھی نیشنل لائبریری آف پاکستان، اسلام آباد سے یک سالہ قومی کتابیات National Bibliography of Pakistan کے نام سے ۱۹۶۲ء سے شائع کرتی ہے لیکن اس کی اشاعت باقاعدہ نہیں ہے۔ کچھ رسالے بھی جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے اشاریئے شائع کرتے ہیں جن میں "قومی زبان" اور "نگار" پاکستان قابل ذکر ہیں۔ اول الذکر تو اپنے رسالے سمیت اپنی ہر اشاعت میں تقریباً ۲۰ ہند و پاکستان کے رسائل کے اشاریئے شائع کرتا ہے۔

اس صورت حال میں عابد حسین شاہ (پیرزادہ) نے دو دہائیوں پر مشتمل ماہنامہ "ضیائے حرم" لاہور کا جو ایک مفصل اشاریہ مرتب کیا ہے وہ خود ایک بڑا کام ہے جو انہوں نے بہت ہی باریکی اور عرق ریزی سے بنایا ہے۔ اس اشاریہ کا مسودہ چار سو کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل ہے جو "ضیائے حرم" کے اکتوبر ۱۹۷۰ء تا ستمبر ۱۹۹۰ء کی اشاعتوں میں چھپنے والی ہر تحریر بشمول مضامین / مقالات، منظومات، اداریئے، تبصرہ شدہ کتب، خطوط و پیغامات، وفیات، حتی کہ مضمون / مقالہ نگاروں کے حالات خود ان کی زبان و بیان کا بھی احاطہ کیا گیا ہے۔

پہلا حصہ مصنف کے حوالے سے اُن کی تحریروں کو یکجا کرتا ہے، مصنف کے ناموں کے اندارج کے سلسلے میں مرتب نے پاکستان میں مروجہ اصولوں کی پابندی نہیں کی ہے بلکہ پہلے حصہ نام کے اندر (بجز، شاہ، سید، صاحبزادہ اور اس طرح کے دوسرے عناصر وغیرہ) درج کیا ہے۔ انہوں نے کسی مستند اشاریہ اور کتابیات کو بھی اس اشاریہ میں دی گئی کتابیاتی تفصیلات کا پابند نہیں بنایا ہے۔ اس کے باوجود یہ اشاریہ بے پناہ معلومات فراہم کرتا ہے۔ کچھ تکنیکی خامیاں البتہ رسائی مواد میں دشواری کا باعث بن رہی تھیں جسے مرتب نے میرے محترم دوست پروفیسر ذکریا ساجد اور میرے مشورہ پر اس اشاریہ میں درست کر لیا ہے اور جہاں تبدیلی ممکن نہ ہو سکی اسے اگلی اشاعت میں درست کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے۔

امید ہے کہ عابد حسین شاہ صاحب کی یہ کوشش کامیاب ثابت ہوگی۔ اور اسی طرح اس ملک میں اور بھی رسالوں کا صحیح خطوط پر اشاریہ سازی کا کام رواج پا جائے گا۔ مرتب کی حالیہ کوشش قابل سپاس ہے اور امید ہے کہ ہمارے علمی حلقوں میں اسے مقبولیت حاصل ہوگی۔

(پروفیسر ڈاکٹر انیس خورشید)
سابق صدر شعبہ لائبریری اینڈ
انفارمیشن سائنس جامعہ کراچی
(صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی)

۱۷ / مارچ ۱۹۹۷ء
بی ۲۹۴۔ بلاک این
نارتھ ناظم آباد۔ کراچی

کچھ اشاریہ کے بارے میں

تحقیق کس قدر دشوار و دقیق علمی مصروفیت ہے اس کا اندازہ شاید وہ افراد با آسانی نہ کر سکتے ہوں جو تحقیق پر مبنی کتب کے مطالعہ سے سرسری گزر جاتے ہیں۔۔۔۔ تحقیق کسی بھی موضوع کے بارے میں ہو لگن اور جانفشانی کی متقاضی ہوتی ہے۔۔۔۔ عہد حاضر میں جبکہ ایجادات کے بہاؤ نے سابقہ مشکلات کو بڑی حد تک آسان بنا دیا ہے تصنیف و تالیف کے حوالے سے تحقیق کی دشواریاں اور دقتیں اپنی جگہ نہ صرف حسب سابق موجود ہیں بلکہ کچھ زیادہ ہی دیدہ ریزی کی طالب ہو گئی ہیں۔ کتب کی اشاعت کے فروغ کے ساتھ ہی ساتھ ماخذ منتشر ہو گئے ہیں۔ ایک ہی موضوع سے متعلق سینکڑوں ماخذ دستیاب ہیں ایسی صورت میں کوئی تحقیق اس وقت تک مکمل قرار نہیں پاتی جب تک کہ اس تحقیق کی تکمیل کے لئے جدید طریقۂ کار اختیار نہ کیا جائے۔۔۔۔ جدید طریقۂ کار سے میری مراد متعلقہ موضوع سے متعلق تمام بنیادی اور ثانوی ماخذ تک رسائی اور پھر ان ماخذ کی جدید تحقیقی اصولوں کی رہنمائی میں مکمل جانچ پڑتال سے ہے۔

تحقیق میں ابتدائی طور پر ماخذ سے استفادہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کسی ماخذ کو محقق کے لئے مفید بنانے کی خاطر ماخذ کی اشاریہ سازی کو ضروری تصور کیا گیا۔ اشاریہ کسی ماخذ میں موجود اہم موضوعات، اشخاص اور اماکن و آثار کی نشاندہی کرتا ہے جسکی بنا پر کسی محقق یا قاری کو کسی ماخذ کی مکمل ورق گردانی نہیں کرنا پڑتی بلکہ وہ اشاریہ کی مدد سے اپنے مطلوبہ موضوع تک با آسانی رسائی حاصل کر لیتا ہے۔ بیسویں صدی کے آغاز پر کسی علمی و تحقیقی کتاب کے آخر میں کتابیات و اشاریہ کی شمولیت کا آغاز ہوا اور پھر رفتہ رفتہ اس کی افادیت مسلم ہوتی چلی گئی۔ ابتدا کتابیات اور اشاریہ کی شمولیت کو صرف انگریزی یا عربی کتب تک محدود رکھا گیا لیکن ربع صدی سے اردو کی علمی و تحقیقی کتب میں بھی کتابیات و اشاریہ کو اہمیت دی جانے لگی۔۔۔۔ یہی نہیں بلکہ اسے بین الاقوامی علمی حلقوں میں اس حد تک لازمی تصور کیا جانے لگا کہ فن کتاب سازی اور لائبریری سائنس میں کتابیات اور اشاریہ سازی کو بطور موضوع شامل کر لیا گیا۔

علمی و تحقیقی کتب کی اشاریہ سازی کے بعد رسائل و جرائد کی اشاریہ سازی کو بھی ضروری تصور کیا گیا کیونکہ علمی و تحقیقی رسائل و جرائد میں شامل مواد و مضامین نہ صرف مستقل نوعیت کے ہوتے ہیں بلکہ تحقیقی ضرورتوں کو بھی پورا کرتے ہیں۔ یورپ و امریکہ میں رسائل و جرائد کے علاوہ اخبارات کی بھی اشاریہ سازی کی جاتی ہے اور کسی محقق کو اپنے موضوع سے متعلق مواد کی تلاش میں اخبارات و رسائل کے مکمل فائلوں کی جانچ پڑتال نہیں کرنا پڑتی۔ وہ اشاریہ کی رہنمائی میں اپنے مطلوبہ مواد تک با آسانی پہنچ جاتا ہے۔ ادھر کچھ عرصہ سے علمی شخصیات کی مطبوعات کے حوالے سے بھی اشاریہ سازی کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے جس نے اشاریہ کی افادیت اور اہمیت کو مزید تقویت دی ہے۔۔۔۔ یہاں چونکہ نام بنام تمام اشاریوں کا تذکرہ ممکن نہیں لہذا جزوی طور پر یہ بتانا ضروری ہے کہ قائداعظم پر ۱۹۴۰ء سے ۱۹۷۶ء تک شائع ہونے والی کتب و مضامین کے اشاریہ پر مشتمل ایک توضیحی کتابیات انگریزی اور اردو میں ڈاکٹر انیس خورشید نے مرتب کی تھی جو دو جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ قائداعظم پیپرز اور فریڈم موومنٹ آرکائیوز اینڈ ریکارڈ کے اشاریہ

بھی شائع ہو چکے ہیں۔ ماہنامہ "فکر و نظر" اسلام آباد کا اشاریہ بھی قابل ذکر ہے اور اب پیرزادہ عابد حسین شاہ کا پیش نظر اشاریہ اسی سمت میں ایک اور اہم پیش رفت ہے۔

پیرزادہ عابد حسین شاہ کے مضامین و مقالات اردو جرائد و رسائل کی زینت بنتے رہے ہیں ان کا مزاج تحقیقی و علمی ہے اور وہ اشاریہ کی ضرورت و اہمیت سے بخوبی آگاہ بھی ہیں چنانچہ انہوں نے لاہور سے شائع ہونے والے ایک علمی رسالہ ماہنامہ "ضیائے حرم" کے بیس سال کے شماروں میں شائع مواد و مضامین کا اشاریہ مرتب کیا ہے جو یقیناً ایک اہم [illegible] کوشش ہے۔

"ماہنامہ ضیائے حرم" معروف عالم اہلسنت، پیر طریقت اور وفاقی شرعی عدالت کے جج جناب جسٹس مولانا پیر محمد کرم شاہ الازہری نے ۱۹۷۰ء میں لاہور سے جاری کیا تھا تاکہ اہلسنت و جماعت کی مذہب و ملت کے حوالے سے علمی و تحقیقی کاوشوں کو نہ صرف اردو کے بین الاقوامی حلقوں میں متعارف کرایا جاسکے بلکہ مسالک مذکورہ سے تعلق رکھنے والے مسلمانوں کے درمیان تحریکی انداز میں قرطاس و قلم سے وابستگی کو فروغ دیا جاسکے۔۔۔۔ آج جبکہ "ماہنامہ ضیائے حرم" کی اشاعت کو ۲۷ سال کا عرصہ ہو چکا ہے ہم "ضیائے حرم" کی فائلوں کے جائزے سے باآسانی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ مولانا پیر محمد کرم شاہ الازہری اپنے ارادہ میں بڑی حد تک کامیاب رہے ہیں۔ جناب جسٹس پیر محمد کرم شاہ کی شخصیت شریعت و طریقت اور تصنیف و تالیف کے حوالے سے عالم اسلام میں معروف ہے۔ آپ نے فروغ علم کو اپنی ذات سے اس طرح آمیز کر لیا ہے کہ آج شریعت و طریقت کے حوالے سے دوسری کوئی مثال دور نزدیک نہیں ملتی۔ وہ رجحان ساز پیر طریقت ہی نہیں بلکہ عہد ساز عالم دین بھی ہیں۔ جدید و قدیم علوم کی تفہیم اور پھر عصری آگہی کے حوالے سے ان علوم کی توضیح و تشریح میں آپ نے تصنیف و تالیف کا جو فریضہ انجام دیا ہے وہ آنے والی صدیوں میں بھی تشنگان علم اور طالبان حق و معادلت یاد رکھیں گے۔

پیرزادہ عابد حسین شاہ نے ماہنامہ "ضیائے حرم" کا اشاریہ مرتب کر کے اس رسالہ کے مندرجات کی افادیت کو دو چند کر دیا ہے۔ اردو میں اشاریوں کی تعداد اتنی کم ہے کہ انگلیوں پر گنے جاسکتے ہیں لیکن ماہنامہ "ضیائے حرم" کا اشاریہ اس لحاظ سے منفرد ہے کہ اس میں مرتب نے جہاں مقالہ جات و مضامین درج کئے ہیں وہاں اشتہار و اعلانات، کتابوں پر تبصرے اور خطوط کی بھی نشاندہی کر دی ہے۔ گویا یہ اشاریہ کسی رسالہ کا مکمل اشاریہ ہے اور اردو میں ابھی تک اس نوعیت کا کوئی دوسرا اشاریہ موجود نہیں ہے۔

اس اشاریہ کی ایک اور خوبی جس کا مجھ کو بعد میں علم ہوا وہ یہ ہے کہ پیش نظر کتاب میں "تعارف" اور "حرف چند" کے عنوان سے دو بڑی اہم تحریریں شامل کی گئی ہیں۔۔۔۔ ایک تحریر واجب الاحترام پروفیسر زکریا ساجد کی ہے اور دوسری ڈاکٹر انیس خورشید کی۔۔۔۔ پروفیسر زکریا ساجد شعبہ صحافت کی ایک معروف علمی شخصیت ہیں۔ زمانہ طالب علمی میں تحریک پاکستان کے کارکن رہے اور بعد میں روزنامہ نوائے وقت لاہور سے وابستہ ہو کر بطور عامل صحافی خدمات انجام دیں۔ پھر بیرونی ممالک کی جامعات میں درس و تدریس سے جزوی طور پر منسلک رہنے کے بعد جامعہ کراچی کے شعبہ صحافت سے منسلک ہو گئے اور صدر شعبہ مقرر ہوئے۔ ان دنوں پاکستان پریس انسٹی ٹیوٹ کے ڈائریکٹر کی حیثیت میں

خدمات انجام دے رہے ہیں۔ پروفیسر زکریا ساجد کو صحافت کے استاد کی حیثیت سے یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ آج پاکستان یا بیرون ملک سے شائع ہونے والے بیشتر اردو اور انگریزی کے اخبارات و جرائد میں ان کے شاگرد اعلیٰ مناصب پر فائز ہیں۔ اس لحاظ سے پروفیسر زکریا ساجد کو بلاشبہ شعبہ صحافت کا استاذ الاساتذہ کہا جاسکتا ہے۔۔۔۔ ایسی صورت میں ایک معاصر رسالہ کی افادیت اور اہمیت کا پروفیسر زکریا ساجد سے بہتر کون اندازہ لگا سکتا ہے۔

محترم ڈاکٹر انیس خورشید لائبریری سائنس کے حوالے سے بین الاقوامی شہرت کے پروفیسر ہیں۔ آپ نے جامعہ کراچی میں لائبریری سائنس کے شعبہ کو نہ صرف وسعت دی بلکہ عرصہ دراز تک صدر شعبہ کے فرائض بھی انجام دیئے۔ لائبریری سائنس کے فنی پہلوؤں پر ان کی بے شمار تصانیف نصابی اور غیر نصابی اہمیت کی حامل ہیں۔ اشاریہ سازی چونکہ لائبریری سائنس کا ہی موضوع ہے اس لئے "ماہنامہ ضیائے حرم" کے اشاریہ پر ان کی رائے حرف آخر کا درجہ رکھتی ہے۔۔۔۔ میں پیرزادہ عابد حسین شاہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے علمی تحقیق کو آسان بنانے اور "ضیائے حرم" کے مندرجات کو متعارف کرانے کے ضمن میں ایک اہم اور بنیادی کام سرانجام دیا ہے۔ یقیناً اچھے عمل کا بہتر اجر اللہ تعالیٰ کی ہی طرف سے ہے۔

۱۷ / مارچ ۱۹۹۷ء

خواجہ رضی حیدر
سینئر ریسرچ فیلو
قائد اعظم اکادمی، ۲۹۷-ایم اے جناح روڈ
کراچی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

۱۹۷۰ء میں آستانہ عالیہ امیریہ چشتیہ بھیرہ کے سجادہ نشین جناب جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری نے حافظ مظہر الدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے مشورے سے ماہنامہ ضیائے حرم جاری کیا (ضیائے حرم اکتوبر ۱۹۹۵ء، صفحہ ۲۴)۔ اس رسالے کے اجراء کا فیصلہ حضرت ثانی لاثانی غازیٔ ملت پیر محمد شاہ بھیروی رحمۃ اللہ علیہ کے ایک مخلص مرید جناب میاں محمد اسلم مرحوم کے دولت کدے واقع سیالکوٹ میں ہوا۔ (ضیائے حرم فروری ۱۹۹۶ء، صفحہ ۱۰) اس کے بانی ارکان میں ایک اور اہم نام لیکچرار محمد اشرف کا ہے۔ (ضیائے حرم اکتوبر ۱۹۷۱ء، صفحہ ۶) ضیائے حرم کے اجراء پر اس کا صدر دفتر دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ کی عمارت میں اور دفترِ اشاعت لاہور میں قائم کیا گیا علاوہ ازیں سیالکوٹ، کراچی اور ھائی ویکمب انگلینڈ میں اس کے ذیلی دفاتر نے کام شروع کیا۔ پیر محمد کرم شاہ الازہری ضیائے حرم کے مدیر و ناشر اور جناب محمد امجد جاوید ناظم اشاعت ہوئے اور اس کا پہلا شمارہ کنول آرٹ پریس لاہور سے طبع ہو کر اکتوبر ۱۹۷۰ء مطابق شعبان ۱۳۹۰ھ کو شائع کیا گیا۔ پہلے شمارے کا سرورق معروف خطاط جناب حافظ محمد یوسف سدیدی مرحوم نے تیار کیا۔ مغربی پاکستان میں رسالے کی قیمت ۸۰ پیسے اور مشرقی پاکستان میں ایک روپیہ فی پرچہ رکھی گئی۔

(۲)

ضیائے حرم کے اجراء کے مقاصد بیان کرتے ہوئے اس کے بانی جناب پیر محمد کرم شاہ صاحب الازہری یوں رقمطراز ہیں:-

"ضیائے حرم ایسے پر آشوب دور میں مطلع صحافت پر طلوع ہو رہا ہے جب کہ ہر طرف فتنوں کے جھکڑ چل رہے ہیں اور سازشوں کے جال بچھائے جا رہے ہیں اور ان مہیب خطرات کے باوجود اتحاد اور اتفاق کی کوئی صورت نظر نہیں آ رہی میر کارواں کو شکوہ ہے کہ اس پر اعتماد نہیں کیا جاتا کارواں والوں کو گلہ ہے کہ میر کارواں کا کردار مشکوک ہے اور وہ اعتماد کے قابل نہیں۔ بے حسی انتشار اور بے یقینی کی وبا زوروں پر ہے۔ ان حالات میں ضیائے حرم کو اپنا اہم اور تلخ فریضہ ادا کرنا ہے مخالفت کے طوفانوں میں کلمہ حق کہنا ہے۔ بہتان تراشیوں کے ہجوم میں راہِ راست کی نشان دہی کرنا ہے بے یقینی کے اندھیروں میں ایمان و یقین کے چراغ روشن کرنے ہیں بفضلہ تعالیٰ و توفیقہ" (ضیائے حرم اکتوبر ۱۹۷۰ء، صفحہ ۹) "ایسے مضامین کی اشاعت ہمارا اولین فرض ہے جو بندے کا رشتہ اپنے خدا سے جوڑ دے اور امتی کے دل میں اس کے محبوب مرشد صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا چراغ روشن کر دے۔ اسلامی تعلیمات کو مؤثر پیرایہ میں بیان کرنا، اسلام کی

معاشی، معاشرتی، سیاسی اور اخلاقی گوشوں کی خوبیوں کو آشکارا کرنا اور دیگر نظاموں پر ان کی برتری اور فوقیت ثابت کرنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام خصوصا خلفاء راشدین، ائمہ اہلبیت اور دیگر اعاظم رجال کی سوانح حیات کو قارئین کے مطالعہ کے لئے پیش کرنا ضیائے حرم کا فرض اولین ہے۔ (ضیائے حرم اکتوبر ۱۹۸۴ء، صفحہ ۸)

(۳)

ابتدائی برسوں میں مالی مشکلات پر قابو پانے کے لیئے دارالعلوم کے مخیر طلبہ سے رقوم عاریۃً یا قرض حسنہ کے طور پر لی گئیں اور ادارت، طباعت اور جملہ انتظامی امور کی انجام دہی کا کام جناب محمد سعید اسعد کے کندھوں پر ڈالا گیا۔ محمد سعید اسعد کی نشر و اشاعت کی دنیا میں نہ کسی سے واقفیت نہ دفتری کاموں کے بارے میں کوئی تجربہ، ان تمام مشکلات کے باوجود انہوں نے تن تنہا اس کام کو سر انجام دیا۔ مضامین اکٹھے کیئے، کتابت کرانے کے لیئے کاتب کو بھیرہ رکھا، یہاں سے کاپیاں جوڑ کر لاہور لے جانا، وہاں سے کاغذ خریدنا، پریس میں دینا، اور چھپنے کے دوران وہاں لفافوں پر خریداروں کے پتے تحریر کرنا (جبکہ لاہور میں ابھی دفتر قائم نہیں ہوا تھا) پرچہ تیار ہونے پر وہاں سے بھیرہ لانا، یہاں ان کی پیکنگ کرنا، ڈاک خانہ دینا وغیرہ یہ تمام امور انہوں نے نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیئے۔ ڈیڑھ دو سال کا یہ عرصہ نہایت عسرت و تنگدستی کے ساتھ لیکن مضامین اور سرکولیشن کے لحاظ سے نہایت عمدگی سے گذرا۔

(۴)

ضیائے حرم کی ترویج و ارتقاء کے لئے انتہائی لگن اور محنت سے کام کرنے والوں میں ایک اہم نام ملک کے ممتاز نعت گو شاعر، نامور ادیب اور سیرت نگار جناب خواجہ عابد نظامی صاحب کا ہے۔ عابد نظامی کے ضیائے حرم سے منسلک ہونے پر جناب پیر محمد کرم شاہ الازہری نے "سرِ دلبراں" میں "یہ شاہین زیر دام آیا" کے زیر عنوان حسب ذیل الفاظ میں انہیں خوش آمدید کہا:-

"ضیائے حرم کی مجلس ادارت میں جناب عابد نظامی کا اسم گرامی بحیثیت مدیر معاون پڑھ کر قارئین ضیائے حرم کو یقیناً قلبی مسرت ہوگی۔ نہ میں نے یہ درخواست کی نہ انہوں نے اس خواہش کا کبھی اظہار فرمایا۔ پھر یہ کیونکر ہوا۔ اس کا میرے پاس اس کے سوا کوئی جواب نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے چاہا اور ایسا ہوگیا۔ اور یہ شاہین زیر دام آگیا، لطف یہ ہے کہ مشکل سے نہیں بلکہ بڑی آسانی سے، میری کوشش سے نہیں بلکہ میرے رب کی مہربانی سے، الحمد للہ عنہ منہ واحسانہ۔ خدا کرے موصوف کا یہ اشتراک عمل ضیائے حرم کو اپنے فرض کی ادائیگی میں معاون ثابت ہو آمین"۔ (ضیائے حرم دسمبر ۱۹۷۱ء، صفحہ ۹)

عابد نظامی کی ضیائے حرم سے وابستگی اور ان کی محض چند ماہ کی کارکردگی دیکھنے کے بعد پیر صاحب نے اپنے اطمینان کا اظہار ان الفاظ میں کیا:-

"ضیائے حرم کی یہ بڑی خوش نصیبی ہے کہ اسے محترم عابد نظامی جیسے تجربہ کار، سلیقہ شعار اور مخلص صحافی کی معیت نصیب ہو گئی مجلس ادارت میں ان کی شمولیت سے اس ماہنامہ کو بڑی تقویت حاصل ہوئی ہے"۔ (ضیائے حرم اکتوبر ۱۹۷۲ء، صفحہ ۱۶)

اور جب ضیائے حرم نے اپنی اشاعت کے چودہ برس مکمل کئے تو جناب پیر صاحب نے خواجہ عابد نظامی کی خدمات کا ان الفاظ کے ساتھ ذکر کیا:-

"ضیائے حرم کے کارکنوں اور خصوصاً خواجہ عابد نظامی کی خدمات کا اعتراف نہ کرنا اور ان کی خدمت میں ہدیہ تشکر پیش نہ کرنا ناشکری ہوگی"۔ (ضیائے حرم اکتوبر ۱۹۸۴ء، صفحہ ۹)

(۵)

ضیائے حرم کے قارئین کا حلقہ اس وقت پوری دنیا بالخصوص برصغیر، مشرق وسطیٰ، یورپ اور امریکہ و کینیڈا تک پھیلا ہوا ہے ان میں بطور خاص دیار فرنگ برطانیہ میں مقیم اردو داں مسلمانوں میں یہ ایک انتہائی محبوب و مقبول رسالہ ہے۔ جماعت جند اللہ انگلینڈ کے صدر جناب محمد اعظم لکھتے ہیں کہ "برطانیہ میں اس کی ابتدا مرزا منیر احمد اور جماعت جند اللہ نے فرمائی اور بالآخر یہ ذمہ داری تنہا صوفی محمد اکرم کے کندھوں پر آگئی"۔ (ضیائے حرم جون ۱۹۸۷ء، صفحہ ۶۳) ۱۹۸۴ء میں صوفی محمد اکرم میرپوری نے وفات پائی تو جماعت جند اللہ انگلینڈ کے جنرل سیکرٹری جناب محمد ظریف نے ضیائے حرم سے ان کے تعلق کا ذکر اس طرح سے کیا۔ " یوں تو ماہنامہ ضیائے حرم گزشتہ سولہ برس سے برطانیہ کے تاریک گوشوں میں روشنی کے ایک مینار کا فریضہ انجام دے رہا ہے اور اس کے قارئین کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے اور جماعت جند اللہ اس محبوب مجلہ کو ملک بھر کے خواندہ حضرات تک پہنچانے میں ہمہ وقت دلجمعی کے ساتھ کوشاں ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ برطانیہ میں ضیائے حرم کی حقیقی خدمت و اشاعت کا سہرا اس پیکر صدق و اخلاص کے سر ہے جو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہمیں داغ مفارقت دے گیا ہے۔ یہ صوفی محمد اکرم مرحوم ہی کی شبانہ روز محنت کا نتیجہ ہے کہ آج انگلستان کا کوئی ایسا شہر یا قصبہ نہیں جہاں اردو خواں حضرات ضیائے حرم کے نام سے واقف نہ ہوں۔ صوفی صاحب مرحوم بے شمار صفات و کمالات کا مجموعہ تھے اور ان کی زندگی کا محبوب ترین مشغلہ ضیائے حرم کے ذریعے برطانیہ بھر کے طول و عرض میں خفتہ دلوں کو بیدار کرنا تھا اور اس کی خاطر انہوں نے جس ایثار کا ثبوت دیا اس کی نظیر شاید ہی مل سکے"۔ (ضیائے حرم اکتوبر ۱۹۸۶ء، صفحہ ۶۵) صوفی محمد اکرم میرپوری کی وفات کے بعد اگست ۱۹۸۶ء سے برطانیہ میں جناب حاجی محمد تمیز صاحب ضیائے حرم کے سرپرست ہوئے۔

(۶)

ضیائے حرم کے اجراء سے کچھ ہی عرصہ بعد سقوط مشرقی پاکستان کا سانحہ پیش آیا اور پھر پاکستان میں ایسی حکومت برسر اقتدار آئی جس کے جلسوں میں موٹے موٹے حروف میں لکھا ہوا یہ نعرہ آویزاں ہوا کرتا تھا کہ "ایشیا سرخ ہے"، "اشتراکیت ہماری معیشت ہے"۔ جبر و پندار کے اس دور میں ضیائے حرم کو کلمہ حق کہنے سے روکنے کے لئے تمام ممکن ذرائع استعمال میں لائے گئے۔ ضیائے حرم کے اداریئے جو کہ اپنے اندر خاص اثر لئے ہوئے ہوتے تھے ان کی اشاعت کو بند کرنے کی کوششیں کی گئیں چنانچہ مئی ۱۹۷۷ء کے شمارے میں سر دلبراں طبع نہ ہوسکا تاہم محترم پیر صاحب نے ان صفحات پر حسب ذیل شعر درج کیا جو اس وقت کے ملکی حالات کی صحیح عکاسی کرتا ہے۔ ؎

نہ جا اس کے تحمل پر کہ بے ڈھب ہے گرفت اس کی
ڈر اس کی دیر گیری سے کہ ہے سخت انتقام اس کا

اس کے تھوڑے ہی عرصے بعد ملک میں تحریک نظام مصطفٰے علیہ التحیۃ والثناء شروع ہوئی، ماہنامہ ضیائے حرم اور اس کے مدیر اعلیٰ پیر محمد کرم شاہ صاحب الازہری نے اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے اٹھنے والی اس تحریک میں نمایاں خدمات انجام دیں اس کی پاداش میں پیر صاحب کو جیل میں ڈال دیا گیا اور ضیائے حرم میں سر دلبراں کی اشاعت پر پابندی عائد کی گئی چنانچہ نومبر ۱۹۷۹ء کے ضیائے حرم میں سر دلبراں کے لئے مختص صفحات ۵ تا ۱۲ پبلک ریلیشنز آفیسر لاہور کی مہر کے عکس کے ساتھ خالی شائع ہوئے۔ ان حالات سے گزرنے کے بعد ضیائے حرم کی اشاعت کے چودہ سال مکمل ہونے پر اس کے مؤسس نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے ضیائے حرم کے ماضی پر اس طرح سے نظر ڈالی:-

"ہم اللہ تعالیٰ کا صدق دل سے شکر ادا کرتے ہیں کہ ان حوصلہ شکن حالات اور زہرہ گداز واقعات میں ضیائے حرم اسلام کے ایک ادنیٰ مخلص سپاہی کی حیثیت سے بتوفیقہ تعالیٰ اپنا فرض بڑی جرأت، حوصلہ مندی اور سلیقہ شعاری سے انجام دیتا رہا۔ کاروانِ ملت کی تاریک راہوں میں جس نے قدم قدم پر امید و ہدایت کے چراغ روشن کئے رکھے تھے ہر نازک موڑ پر جس نے اہل قافلہ کو للکارا اور درپیش خطرہ سے انہیں آگاہ کیا۔ بھیانک خطرات کے ہجوم میں بھی اس نے جو کہا، سچ کہا۔ جو لکھا سچ لکھا۔ اس کے پیش نظر صرف اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی تھی۔ اور اس کی مہربانی اور نصرت سے گرہیں کھلتی گئیں، مشکلیں آسان ہوتی گئیں اور طویل مسافتیں سمٹتی گئیں۔ اس دور جبر و پندار میں شائع ہونے والے ضیائے حرم کے شمارے اپنے اندر ایک خصوصی جاذبیت رکھتے ہیں۔ اس کی فائلیں گواہ ہیں کہ اس نے کلمۂ حق بلند کرنے میں کبھی بخل سے کام نہیں لیا۔ کسی سلطان جابر کی قہر آلود نگاہیں اسے ہراساں نہ کرسکیں، کسی کی داد و دہش اسے اپنی طرف ملتفت نہ کر سکی، چشمِ مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم نے جس قلب و نگاہ کو سیراب کر دیا ہو وہ کسی کے جود و عطا کو کب خاطر میں لاتا ہے"۔ (ضیائے حرم اکتوبر ۱۹۸۴ء، صفحہ ۶-۷)

(۷)

ضیائے حرم نے بیس سال کے عرصہ میں بیس موضوعات پر چونتیس خصوصی نمبرز شائع کئے جن میں سے بعض نمبروں کے متعدد ایڈیشن، اضافوں کے ساتھ شائع ہوئے۔ اس ماہنامے نے مختلف اوقات میں قارئین کے لئے مختلف سلسلے بھی شروع کئے ان میں ایک اہم سلسلہ مضامین تفسیر "ضیاء القرآن" کے وہ اقتباسات ہیں جن کے ذریعے عصر حاضر میں لکھی جانے والی اس عظیم تفسیر کا معتدبہ حصہ ضیائے حرم کے قارئین تک پہنچایا گیا۔ پیر صاحب نے مختلف احادیث النبوی الشریف کی تشریح قلمبند فرمائی جو "ضیاء الحدیث" کے عنوان سے گاہے گاہے ضیائے حرم کے صفحات کی زینت بنتی رہی، ان کی اشاعت کا سلسلہ اکتوبر ۱۹۷۸ء سے شروع ہوا۔ یورپ و امریکہ میں مقیم مسلمانوں کے بچوں کے لئے انگریزی مضامین کی اشاعت کا ایک سلسلہ جنوری ۱۹۸۸ء کو شروع کیا گیا آٹھ صفحات پر مشتمل اس انگریزی حصے (چلڈرن کارنر) کے ایڈیٹر محمد نواز خان تھے۔ علاوہ ازیں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے متعلق قارئین کے سوالوں کے جوابات کے لئے مارچ ۱۹۹۰ء میں "ضیائے حرم سروس" شروع کی گئی جس کے لئے نامور ماہرین کی خدمات حاصل کی گئیں۔

(۸)

جولائی ۱۹۸۱ء میں صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے پیر محمد کرم شاہ صاحب الازہری کو ان کی اسلامی خدمات و علمی مقام کی بنا پر ملک میں نظام مصطفٰے علیہ التحیۃ والثنا کے نفاذ کے لئے وفاقی شرعی عدالت میں کام کرنے کی دعوت دی اور آپ اس عدالت میں جج مقرر ہوئے۔ اس پر ضیائے حرم کی ادارت اپنے فرزند ارجمند جناب صاحبزادہ محمد امین الحسنات شاہ ایم۔ اے اسلامک لا جامعہ ام القریٰ مکہ مکرمہ کے سپرد کرتے ہوئے آپ نے لکھا:

اس ذمہ داری کے چند مخصوص تقاضے ہیں جن کی بنا پر میرے لئے یہ ممکن نہیں رہا کہ آپ کے محبوب ماہنامہ ضیائے حرم کے مدیر اعلیٰ کی حیثیت سے کام کر سکوں اس لئے دل پر جبر کرتے ہوئے عارضی طور پر ضیائے حرم کے قارئین سے جدائی اختیار کر رہا ہوں اور اس کے لئے ان سے معذرت خواہ ہوں۔ (ضیائے حرم جولائی ۱۹۸۱ء صفحہ ۲)

"ضیائے حرم کے قارئین کے ساتھ اس فقیر کی گیارہ سالہ وابستگی اپنے اندر جو پختگی اور جذباتیت رکھتی ہے وہ محتاج بیان نہیں ہم نے ایک ساتھ سفر شروع کیا، راستے میں کئی جانگسل مرحلے آئے، کئی روح فرسا واقعات رونما ہوئے، گاہے گاہے مالی دشواریاں بھی چٹان بن کر راہ میں حائل ہوئیں، لیکن تسلیم و رضا کی منزل کے مسافروں کی طرح آپ اور میں ضیائے حرم کو ہر قیمت پر فروزاں اور تاباں رکھنے کے لئے کوشاں رہے۔ آپ کا پر خلوص پیار ابتلا و آزمائش کے لمحات میں میری ہمت افزائی کرتا رہا جس کی خوشگوار یاد سدا تازہ رہے گی"۔ (ضیائے حرم جولائی ۱۹۸۱ء صفحہ ۵)

"میں اپنی جگہ فرزند عزیز حافظ محمد امین الحسنات شاہ ایم۔ اے (پنجاب) فاضل دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ کو ماہنامہ کا مدیر اعلیٰ مقرر کرتا ہوں مجھے امید واثق ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تائید ہر مرحلہ پر اس کی پشت پناہی کرے گی اور اس کی توفیق اس کی راہنما ہوگی اور اس کا نوجوان ذہن ان خاکوں میں رنگ بھرے گا جس کی ضرورت شدت سے محسوس کی جا رہی ہے"۔ (ضیائے حرم جولائی ۱۹۸۱ء صفحہ ۶-۷)

فقیر غیور اور عشق خود آگاہی کا نقیب ماہنامہ ضیائے حرم الحمد للہ باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے۔ اس وقت جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری اس کے سرپرست اعلیٰ، صاحبزادہ محمد امین الحسنات شاہ مدیر اعلیٰ اور محمد رضاء الدین صدیقی ایم۔ اے گولڈ میڈلسٹ فاضل دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ اس کے مدیر ہیں۔

ترتیب اشاریہ

مقالات / مضامین

اخبارات و رسائل میں شائع ہونے والے مقالات کا اشاریہ مرتب کرتے ہوئے مرتبین بالعموم مندرجہ ذیل دو ترتیبیں یا دونوں میں سے ایک اختیار کرتے ہیں۔

○............ بہ اعتبار اسماء مقالہ نگاران

○............ بہ اعتبار موضوعات

ضیائے حرم کا اشاریہ ترتیب دیتے ہوئے راقم نے اول الذکر ترتیب اختیار کی۔ مقالہ نگار کا نام جلی قلم سے لکھ کر اس کے نیچے اس کے تمام مقالات کا اشاریہ دیا ہے۔ اور سطر کے شروع میں مقالے کا عنوان، اس کے بعد متعلقہ جلد و شمارہ نمبر، پھر سطر کے آخر میں شمارے کے ان صفحات کے نمبر درج کیئے ہیں جن پر یہ مقالہ شائع ہوا تھا۔
اگر کوئی مقالہ اقساط میں ہے یا دوبارہ وسہ بارہ شائع ہوا، تو اس مقالے کی دیگر اقساط یا مکرر اشاعت کا اشاریہ، دوسری سطر و مابعد کی سطور میں دیا گیا ہے۔

ایسے مقالات جن کے تراجم دیگر زبانوں سے کئے گئے یا کسی دوسرے کے مقالے کی تلخیص کی گئی، ان کا اندراج مقالہ نگار اور مترجم یا ملخص کرنے والے کے ناموں کے تحت الگ الگ کر دیا گیا ہے۔
جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری کی تفسیر ضیاء القرآن کے اقتباسات ضیائے حرم کے اکثر شماروں میں موجود ہیں۔ ان میں سے بعض "ضیاء القرآن" کے عنوان سے ہی شائع ہوئے اور بعض کے ذیلی عنوانات بھی ضیائے حرم میں دئے گئے۔ راقم نے ضیاء القرآن کے ان تمام اقتباسات کو پیر صاحب کے نام کے تحت حرف "ض" اور اس کے ذیل میں درج کیا ہے۔

حمد و نعت

ضیائے حرم میں شائع ہونے والے حمدیہ و نعتیہ کلام کا اشاریہ اس طرح سے ہے کہ پہلے شاعر کا نام، اس کے بعد اس کے شائع ہونے والے کلام سے متعلقہ جلد و شمارہ نمبر اور صفحہ نمبر درج کئے گئے ہیں۔ اس طرح ایک ہی سطر میں شاعر کی دو نعتوں کا اشارہ دیا گیا ہے۔

مناقب

اوپر ممدوح کا نام دیا گیا اور اس کے نیچے منقبت لکھنے والے شاعر کا نام اور اشاریہ ایک ہی سطر میں دئے گئے ہیں۔ مثلاً

ابو بکر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ، سیدنا

احمد رضا خان بریلوی، مولانا ۲ : ۱۱ ۳۴

یعنی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی مدح میں مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی منقبت جلد ۲ شمارہ

۱۱ کے صفحہ ۴۴ پر شائع ہوئی۔

متفرق منظومات

اشاریہ مرتب کرتے ہوئے تمام ابواب میں ایک جیسی ترتیب رکھنا محال تھا، چنانچہ اس باب میں مختلف شعراء کرام کا تمام متفرق کلام شاعر کا نام جلی قلم سے لکھ کر نیچے اس شاعر کے تمام کلام کا اشاریہ دیا گیا ہے اور اس میں کلام کا مطبوعہ عنوان، اور عنوان کی عدم موجودگی میں اس کا ایک مصرعہ دے دیا گیا ہے۔

اداریات

"سردلبراں" کے مستقل عنوان سے شائع ہونے والے اداریئے میں زیر تجزیہ موضوعات پر کبھی ذیلی عنوانات قائم کئے گئے اور کبھی ان تحریروں کو کسی ذیلی عنوان کے بغیر ہی ضیائے حرم کے صفحات پر پیش کیا گیا۔ ایسے اداریئے کہ جن پر پہلے سے عنوانات موجود تھے۔ ان کا اشاریہ مرتب کر کے راقم نے اسے "حصہ اول" کا عنوان دیا۔
سردلبراں میں موجود ایسے مسائل و مضامین کہ جن پر ان کے عنوانات نہیں دیئے گئے تھے راقم نے انہیں سرسری نظر سے پڑھ کر ان تمام پر اپنی طرف سے عنوانات قائم کئے اور انہیں "حصہ دوم" کے تحت درج کیا۔

تبصرہ شدہ کتب

اس ماہنامے کے صفحات پر جن کتب و رسائل پر تبصرے کئے گئے اشارے میں پہلے کتاب یا رسالے کا نام، مصنف یا ایڈیٹر، اگر کتاب کسی اور زبان سے ترجمہ کی گئی ہو تو مترجم کا نام، اور سطر کے آخر میں مبصر کا نام دیا گیا ہے۔

خطوط و پیغامات

بیس سال کے عرصے میں ضیائے حرم میں قارئین کے سینکڑوں خطوط شائع ہوئے۔ ان خطوط میں عام طور پر حسب ذیل تین موضوعات میں سے کوئی ایک موضوع پایا جاتا ہے۔

- .... پیر محمد کرم شاہ الازہری کو رسالے کے اجراء اور ان کی قلمی خدمات پر خراج تحسین
- .... خواجہ عابد نظامی کو ان کی قلمی خدمات اور ضیائے حرم کی اعلیٰ ترتیب و تدوین انجام دینے پر خراج تحسین
- .... ضیائے حرم کے مندرجات کو سراہا گیا

خطوط کا اشاریہ مرتب کرتے ہوئے ایسے خطوط کہ جن میں مذکورہ بالا تینوں موضوعات میں سے کسی ایک یا زائد پر لکھا گیا ہو، ان کے مواد کی نشان دہی نہیں کی گئی کیونکہ ضیائے حرم میں شائع ہونے والے اکثر خطوط میں یہی موضوعات پائے جاتے ہیں۔ البتہ جن خطوط میں ضیائے حرم کے کسی مضمون پر تنقید کی گئی یا کسی شخصیت کے بارے میں معلومات فراہم کی گئیں، ایسے تمام خطوط میں موجود مواد کا اس اشارے میں ذکر کیا گیا ہے۔ مثلاً

ضیائے حرم کے ایک قاری جناب ابو ظفر انصاری نے مدیر ضیائے حرم کے نام لاہور سے ایک خط لکھا جس میں جناب شوکت سلیمان کے مضمون "عجائبات قرآن" میں موجود اغلاط کی تصحیح کی۔ اس خط کا اشارہ یوں دیا گیا ہے۔

"ابو ظفر انصاری، لاہور، شوکت سلیمان کے مضمون "عجائبات قرآن" کی تصحیح   ۳ : ۲   ۹

ضیائے حرم نے مختلف موضوعات پر جو خصوصی نمبر شائع کئے ان کی اشاعت پر اکابرین امت کے تاثرات "پیغامات" کے عنوان سے شائع ہوتے رہے۔ ان پیغامات کا اشاریہ بھی "خطوط" میں شامل کر کے اس باب کو "خطوط و پیغامات" کا عنوان دیا گیا ہے۔

تعارف شاعر بقلم شاعر

ضیائے حرم نے نعت کی اشاعت و فروغ میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ اس کے صفحات پر نعت سے متعلق مختلف سلسلے بھی شروع کئے جاتے رہے انہی میں سے ایک یہ تھا کہ دور حاضر کے نامور نعت گو شعراء کا تازہ کلام اور شاعر کا مختصر تعارف خود شاعر کے قلم سے لکھوا کر ان کے عکس شائع کئے گئے۔ اشاریئے کے یہ صفحات ان تعارف پر مشتمل ہیں۔

خطاطی کے نمونے

اس رسالے نے فن خطاطی کی بھرپور سرپرستی کی اور تمام بڑے خطاطین کی خطاطی کے نمونوں سے اپنے صفحات کو مزین کیا۔ یہ نمونے قرآنی آیات، احادیث مبارکہ اور اسلامی شاعری کے موضوعات پر ہیں۔ اشاریئے میں قرآنی آیات کا حوالہ اور احادیث مبارکہ کے ابتدائی کلمات نیز اشعار کا پہلا مصرعہ نقل کیا گیا ہے۔

عکس تحریرات

یہ مختلف اہل علم و فضل کی قلمی تحریروں کے عکس ہیں۔ اس کے تحت محرر کا اسم گرامی اور جس موضوع سے یہ تحریر تعلق رکھتی ہے اس کا اندراج ہے۔

نقشہ جات

سردلبراں اور مختلف مقالات میں موجود نقشہ جات کا اشاریہ مرتب کرتے ہوئے پہلے لکھا گیا ہے کہ یہ نقشہ کس مقام یا موضوع سے متعلق ہے۔ اور اگر ضیائے حرم کے صفحات پر نقشہ نویس کا نام موجود ہے تو اسے درج کر دیا ہے۔

وفیات

جن صاحبان کی وفات پر اس رسالے میں تعزیتی تاثرات شائع ہوئے، اشاریئے میں وصال فرمانے والی شخصیت کا نام سطر کے شروع میں اور اگر اس کے لکھنے والے کا نام ضیائے حرم میں موجود ہے تو اس کا اندراج سطر کے آخر میں ہے۔

ترتیب اشاعت

اشاریہ مرتب کرتے ہوئے مواد کی نشان دہی کے لئے ضیائے حرم کی جلد اور شمارہ نمبر کے اندراج پر اکتفا کیا گیا، اس کے ساتھ ہر سطر میں ماہ و سال کا ذکر بھی کیا جاتا تو ضخامت مزید بڑھ جاتی۔ کتاب کے آخر میں ضیائے حرم کے بیس

برسوں میں شائع ہونے والے تمام شماروں کی ایک مکمل فہرست "ضیائے حرم کی ترتیب اشاعت" کے عنوان سے دی گئی ہے اس کے مطالعے سے قارئین کو بخوبی معلوم ہو سکے گا کہ ضیائے حرم کی فلاں جلد کا فلاں شمارہ کن ہجری و عیسوی ماہ و سال میں شائع ہوا تھا۔ اور یہ کہ اس کی ضخامت کتنی تھی۔

ضیائے حرم بنیادی طور پر اردو زبان کا رسالہ ہے لیکن اس کے چند صفحات پر عربی فارسی اور انگریزی تحریریں موجود ہیں۔ اشاریئے میں ایسے تمام مقالات کا التزام کے ساتھ اندراج کیا گیا ہے۔

جس مواد کا اشاریہ ترک کیا گیا اس کی تفصیل اس طرح سے ہے۔

- .... ضیائے حرم میں کبھی کبھار ایک دو اشعار سے مختلف صفحات کو مزین کیا گیا ہے لیکن ان کے ساتھ شاعر کا نام مذکور نہیں۔ ایسے تمام اشعار کو اشاریئے میں جگہ نہیں دی گئی۔
- .... خطاطی کے ایسے بہت سے نمونے جن کے ساتھ خطاط کا نام نہیں تھا۔
- .... رسالے کے سرورق اور اندرونی صفحات پر موجود ہر قسم کی تصاویر۔

اشتہارات

انہیں چار اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے، پہلی قسم میں وہ تجارتی اشتہارات ہیں جو مختلف صنعتی و تجارتی اداروں کی مصنوعات کے ہیں۔ دوسری قسم میں مختلف اشاعتی اداروں کی شائع کردہ تازہ کتب و رسائل کے اشتہارات شامل ہیں اور ان کی تیسری قسم میں پیر محمد کرم شاہ الازہری یا ادارہ ضیائے حرم کو کسی خاص موقع پر مختلف اداروں کی طرف سے دیئے گئے تہنیتی اشتہارات ہیں۔ چوتھی قسم کے اشتہارات وہ ہیں جن میں ملک کے مختلف دینی مدارس کی طرف سے ان کے نئے سال کے داخلے کی اطلاع دی گئی ہے۔ راقم نے اشتہارات کی مذکورہ بالا پہلی تینوں اقسام کو چھوڑ دیا البتہ آخری قسم کے اشتہارات میں چند ایسے بھی ہیں کہ جن میں اشتہار دینے والے مدرسے نے اپنے شاندار نتائج کی اطلاع دی اور اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے طلبہ کے نام ذکر کئے ہیں۔ نتائج سے متعلق اشتہارات کو ان کی اہمیت کی پیش نظر اشاریئے کے حصہ "مقالات / مضامین" میں شامل کر لیا گیا ہے۔

مذکورہ بالا پانچ موضوعات یعنی اشعار، چوکھٹے، خطاطی کے گمنام نمونے، ہر قسم کی تصاویر اور اشتہارات کو چھوڑ کر ضیائے حرم کے صفحات پر موجود تمام مواد کا اشاریہ اس کتاب کے صفحات کی زینت ہے۔

۱۸ محرم الحرام ۱۴۱۸ھ
۲۶ مئی ۱۹۹۷ء
بروز پیر

(پیرزادہ) عابد حسین شاہ
ناظم بہاء الدین زکریا لائبریری
بمقام چھونبی ---- ۴۸۳۲۱
تحصیل و نزد چوآسیدن شاہ
ضلع چکوال پاکستان

(۱)

مقالات / مضامین

مقالہ نگار، عنوان مقالہ	جلد : شمارہ	صفحہ
حضور صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت تاجر	۳ : ۱۵	۴۹-۴۵
حضور صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت سپہ سالار	۳ : ۱۴	۸۲-۷۱
حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت	۱۲ : ۱۲	۱۴-۹
صفات و معجزات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم	۶ : ۱۳	۲۳-۱۵
آمنہ رضی اللہ عنہا، مخدومہ کائنات سیدہ		
طیبہ کا چاند	۳،۲ : ۲۰	۱۴۰-۱۳۸
ابراہیم عمادی		
خلفاء اور سلاطین کی علمی دلچسپیاں	۶ : ۱۳	۴۸-۴۳
ابن الحسن، سید		
برصغیر میں محافل میلاد (ایک تاثراتی جائزہ)	۳،۲ : ۲۰	۲۷۷-۲۷۳
ابن جوزی، علامہ عبدالرحمٰن		
سفرِ نور کے نو ماہ	۳،۲ : ۲۰	۱۳۷-۱۳۵
ابن عبدالبر، علامہ		
حضرت امام مالک کی مجلس (کتاب العلم والعلماء سے اقتباس، مترجم مولانا عبدالرزاق)	۱۰ : ۱۵	۳۳-۲۹
ابن عربی نظامی کاشانی، سید		
حضرت قاضی محی الدین کاشانی رحمۃ اللہ علیہ	۱۱ : ۱۲	۷۹-۶۵
ابوالانجم برلاس		
اسلامی ریاست کی معاشی ذمہ داریاں	۸ : ۱۹	۸۸-۸۵
ابوالتنویر عابد		
حضرت پیر عبدالشکور شاہ رحمۃ اللہ علیہ	۷ : ۱۴	۴۱-۳۹
ابوالحسن نغمی، ماہر نشریات		
سبز روشنی	۶ : ۱۴	۷۶-۷۴
ابوالمعالی قادری کرمانی، شاہ		
حکایات شیریں (مترجم معین نظامی)	۱۲ : ۱۲	۶۲-۵۹
ابوالمعظم حسانی، پروفیسر		
مظہر شانِ ولایت دہ شیہ آلو مہار	۷ : ۱۴	۱۰۳-۹۵
ابوالنصر		
شخصیت سازی کے اسلامی اصول	۱۲ : ۸	۷۳-۷۱

مقالہ نگار، عنوان مقالہ	جلد : شمارہ	صفحہ
ابوالنظر رضوی		
سلطان ٹیپو اور قانونِ شریعت کا نفاذ	۱۲ : ۳	۳۶-۳۳
ابوبکر غزنوی، پروفیسر سید		
استاد اور شاگرد کا رشتہ	۵ : ۱۸	۷۲-۶۹
حبِ اہلِ بیت رضی اللہ عنہم	۴ : ۹	۳۷-۳۳
درود شریف	۲ : ۱۰	۲۷-۱۹
واقعہ کربلا	۴ : ۵	۴۷-۳۵
ابوجنید دارمی، پروفیسر		
رحمت کی برکھا	۳ : ۱۹	۱۵-۱۳
ابوحفص چودھری		
فلسطین کی پکار	۹ : ۱۸	۳۰-۲۴
ابوخالد		
ہمارے معاشی مسائل اور ان کا اسلامی حل	۴ : ۷	۳۶-۳۱
ابوخلدون		
فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کانفرنس کا یادگار مشاعرہ	۷ : ۴	۸۴-۸۰
ابوزاہد نظامی = عابد نظامی، خواجہ		
ابوضیاء اقبال		
بگڑا ہوا بچہ	۹ : ۲۰	۸۴-۷۵
ابوطیّب		
اب زمانے کی حدوں تک ہے زمانہ اس کا (روداد نعتیہ مشاعرہ)	۴ : ۹	۹۰-۸۸
سیرت مشن پاکستان لاہور کا نعتیہ مشاعرہ	۱۱ : ۸	۶۳-۶۱
ابوطیب نذیر فریدی		
فلسفہ جہاد	۱۲ : ۲۰	۱۶-۱۴
ابونوید شیخ		
حضرت خواجہ محمد قمرالدین سیالوی کی وفات پر مشاہیر کے بیاناتِ تعزیت	۱ : ۱۲	۲۲۳-۲۱۵
احسان علی شاہ، سید		
اذان	۳ : ۱۷	۵۱-۳۹
جادۂ نو	۴ : ۱۶	۶۵-۵۱
قیدی	۷ : ۱۶	۶۳-۵۳
مقدس مسافر	۳ : ۱۶	۷۶-۶۷
احسان قریشی صابری، ڈاکٹر		

مقالہ نگار، عنوان مقالہ	جلد : شمارہ	صفحہ
امیر افضل خان، میجر		
حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی فوجی حکمت عملی	۵	۴۸-۴۳
امیر الدین، میاں		
۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء جب قرارداد پاکستان پیش کی گئی	۶ : ۱۴	۶۱-۵۷
	۶ : ۱۸	۵۲-۴۷
حضرت علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ، چند یادیں چند باتیں	۷ : ۱۵	۷۸-۷۴
رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قدیم آسمانی صحائف میں	۱ : ۱۹	۷۵-۶۹
سیرت رسول اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام	۱۰ : ۱۲	۱۱-۹
امیر بخش، مولانا		
انوار شمسیہ (تلخیص سید نظر زیدی)	۵،۴ : ۱۰	۳۱۹-۲۹۷
حضرت شمس العارفین رحمۃ اللہ علیہ کے شب و روز	۲ : ۱۵	۵۴-۴۹
امیر حسن مخمور، صوبیدار		
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دفاعی اقدامات	۳ : ۴	۲۲-۱۳
امین اللہ وثیر، ڈاکٹر		
حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شعر گوئی	۹،۸ : ۹	۲۹۴-۲۹۱
امین مظہر		
اہل صدق و صفا کا روزہ	۲ : ۲	۱۹-۱۸
حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ	۳ : ۲	۲۲-۲۰
انجمن تعلیم المسلمین غوثیہ بھیرہ، سیکرٹری		
دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ کے ہونہار طلبہ کی بے نظیر کامیابیاں	۱ : ۱۱	۳۴
	۱ : ۱۳	۹
	۱۱ : ۱۵	۳۰
	۵ : ۱۶	۶۴
	۱ : ۱۹	۴
	۱۲ : ۱۹	۳
انجمن تعلیم المسلمین غوثیہ تحصیل پھالیہ		
دارالعلوم چشتیہ غوثیہ منڈی بہاؤالدین کے طلباء کی عظیم الشان کامیابی	۲ : ۱۱	۷۷
انجمن تعلیم المسلمین غوثیہ سیالکوٹ		
دارالعلوم محمدیہ غوثیہ سیالکوٹ کے شاندار نتائج	۷ : ۹	۱۰۴

مقالہ نگار، عنوان مقالہ	جلد : شمارہ	صفحہ
انجمن دارالعلوم محمدیہ غوثیہ سیالکوٹ		
دارالعلوم محمدیہ غوثیہ سیالکوٹ کے طلباء کی شاندار کارکردگی	۷ : ۱۱	۹۴
	۷ : ۱۷	۷۴
	۸ : ۱۹	۳۱
انجمن طلباء مدینۃ الاسلام گوجرانوالہ		
جامعہ مدینۃ الاسلام گوجرانوالہ کے ہونہار طالب علم کا منفرد اعزاز	۲ : ۱۴	۳۴
انجم نظامی، خواجہ اعجاز اشرف		
مولانا احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ کی اردو نثر	۱ : ۱۸	۴۲-۳۷
انڈین ڈیفینس ریویو		
آزادیِ کشمیر کے لیئے ضیاء الحق شہید کا منصوبہ (بھارتی اخبار انڈین ایکسپریس سے ماخوذ)	۶ : ۲۰	۳۱-۲۸
انعام الحق کوثر، ڈاکٹر		
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تاجر کی حیثیت سے	۱۱ : ۹	۳۱-۲۷
	۱۲ : ۱۷	۲۳-۱۹
انوار احمد ایم اے۔ ایل ایل بی		
محسنِ انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم	۹ : ۵	۱۸-۱۵
	۲ : ۱۶	۴۸-۴۵
انوار اللہ، پروفیسر		
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت معلم اخلاق	۶ : ۱۲	۱۶-۱۱
	۷ : ۱۲	۲۲-۱۵
انوار صولت		
حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا شعری وادبی ذوق	۱۰ : ۴	۴۴-۴۰
انور اقبال قریشی، ڈاکٹر		
بھٹو اور پاکستان کی معیشت	۱ : ۸	۴۳-۳۷
فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی معاشی اصلاحات	۹،۸ : ۴	۱۳۴-۱۳۱
انور بیگ، مرزا		
عثمان کا خواب	۶ : ۹	۸۶-۷۹
انور سدید		
حافظ لدھیانوی کی نعت نگاری	۴ : ۳	۸۶-۸۱

مقالہ نگار، عنوان مقالہ	جلد: شمارہ	صفحہ
ایم۔اے۔ارشد		
دیوار کی سرگوشیاں	۲ : ۱۹	۹۵-۸۸
ایم۔اے۔تائب		
روزہ اور فضائل روزہ	۷ : ۱۹	۳۷-۳۰
ایم۔اے۔حکیم ایڈووکیٹ		
عاشق رسول غازی عبداللہ شہید رحمۃ اللہ علیہ	۱ : ۸	۷۳-۷۱
ایم۔اے۔رحمانی		
اعجاز قرآنی	۱ : ۳	۹۲-۸۸
ایم۔اے۔شید ایڈووکیٹ، چودھری		
سامراجی سازشیں	۲ : ۱۹	۴۰-۳۹
ایم۔اے۔فاروقی، ڈاکٹر		
درد کی کوئی دوا نہیں ہے؟	۱ : ۱۴	۹۲-۹۱
نقلی غذائیں	۱۱ : ۱۳	۹۱-۸۹
ایم۔خان پی سی ایس		
خون ناحق کیوں؟	۱ : ۱	۹۳-۸۵
ایم۔صفدر، میجر		
امانت	۲ : ۲	۸۴-۸۳
ایم۔عبدالباقی		
ٹیلیویژن کس طرح ایجاد ہوا	۸ : ۶	۷۲-۷۱
ایم۔مختار احمد خان		
ہائے افسوس مسلمان، مسلمان نہ رہے	۱ : ۲	۲۹-۲۷
ایوب ظفر		
فلپائن میں اسلام کا عروج و زوال	۱۲ : ۸	۸۵-۸۳

ب

مقالہ نگار، عنوان مقالہ	جلد: شمارہ	صفحہ
باغ حسین کمال، پروفیسر		
ذکر الٰہی اور تطہیر معاشرہ	۴ : ۹	۴۳-۳۹
ببرک لودھی، ایڈیٹر کابل ٹائمز		
افغانستان میں اشتراکی بربریت	۲ : ۱۳	۸۸-۸۳

مقالہ نگار، عنوان مقالہ	جلد: شمارہ	صفحہ
بدرالدین بدر		
حضرت حافظ محمد عالم بیگ رحمۃ اللہ علیہ	۱۱ : ۱۰	۷۴-۶۳
	۷ : ۱۴	۴۵-۴۳
حضرت حافظ محمد عالم بیگ نقشبندی (راوی بدرالدین بدر، تحریر محمد صدیق زاہد)	۶ : ۱۵	۸۴-۸۱
بدرالقادری، مولانا		
ذبح عظیم	۲ : ۹	۴۷-۳۹
بدیع الزمان کیکاؤس، جسٹس		
اخلاق کا فقدان	۳ : ۲	۴۶-۴۳
دور فاروقی رضی اللہ عنہ میں حقوق انسانی	۹،۸ : ۲	۹۷-۸۵
کیا نام نہاد بنگلہ دیش کو تسلیم کرنا پاکستان کے مفاد میں ہے	۴ : ۳	۵۴-۵۳
برکات احمد، ابوالکرم		
میرے خواجہ سراپا شفقت	۹ : ۱۳	۷۱-۶۹
برکت علی سالار والا، صوفی		
لولاک لما خلقت الافلاک	۱ : ۳	۸۷-۷۹
برہان احمد فاروقی، ڈاکٹر		
تزکیہ نفس کا قرآنی معیار	۸ : ۱۸	۴۰-۳۷
سیرت طیبہ اور ہماری اصلاح	۱۱ : ۱۰	۴۱-۲۹
بسمارک، المانوی مرد فولاد		
مقصد حج۔ایک غیر مسلم کی نظر میں	۵ : ۲	۲۰
بشیر احمد، حکیم		
اخروٹ	۵ : ۱۱	۹۶-۹۵
ہلاکو کا یقینی علاج	۱۱ : ۱۱	۹۶-۹۴
بشیر احمد اخگر، مولانا		
حضرت علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ	۷ : ۸	۵۹-۵۷
بشیر احمد صدیقی، ڈاکٹر		
پنجاب میں صوفیہ کرام کی تبلیغی سرگرمیاں	۷ : ۱۲	۵۱-۴۳
حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ	۳ : ۱۱	۵۶-۵۳
صدیق اکبر رضی اللہ عنہ بحیثیت مثالی تاجر	۹،۸ : ۹	۴۵-۳۹
عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ	۹،۸ : ۹	۲۳۴-۲۲۵
قرآن و حدیث کی روشنی میں (قارئین ضیائے حرم کے استفسارات کے جوابات)	۱ : ۱۴	۹۰-۸۹
	۲ : ۱۴	۹۶-۹۳

پ

ت

مقالہ نگار، عنوان مقالہ	جلد : شمارہ	صفحہ
سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی رحمتہ اللہ علیہ	۱۱ : ۵	۵۵-۶۰
عظمتوں کا سفر	۲۰ : ۵	۲۱-۲۷
	۲۰ : ۶	۴۹-۵۳
فریدی مشن اور جدید تبلیغی تقاضے	۵ : ۵	۴۱-۴۵
حسن عبداللہ		
عینک اتاریئے (ڈاکٹر ہیری بنجمن کے مضمون کا ترجمہ)	۷ : ۱	۹۱-۹۶
حسن مخفی، بیگم		
طبقہ نسواں کے محسنِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم	۸ : ۵	۷۱-۷۴
حسن نظامی دہلوی، خواجہ		
اجمیری خواجہ	۲ : ۱۱	۵۰-۵۴
الوداع ماہِ رمضان	۲ : ۲	۲۵
بنت بہادر شاہ	۷ : ۵	۷۱-۷۶
جاذب کاغذ کی کہانی	۱۴ : ۱	۷۱-۷۶
جب میں شہزادہ تھا	۱۳ : ۲	۷۱-۷۶
جہانگیر کی کہانی جہانگیر کی زبانی (تلخیص عبدالرسول ارشد)	۶ : ۵	۷۳-۷۸
	۶ : ۷	۷۹-۸۳
چشتیوں کا پھریرا لہرا رہا ہے	۱۲ : ۸	۹۳
خوش خلقی	۱۵ : ۶	۲۱-۲۵
دوا کی شیشی	۴ : ۱۰	۶۵-۶۶
ذکر غوث پاک حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ (تلخیص نظیر لدھیانوی)	۱۲ : ۵	۴۵-۵۴
سلطان المشائخ حضرت نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ اور سلطان قطب الدین	۱۳ : ۹	۶۳-۶۸
شامی جہاد	۱۶ : ۱۱	۷۹-۹۵
	۱۷ : ۱	۸۵-۹۶
	۱۷ : ۳	۸۵-۹۶
	۱۷ : ۴	۸۳-۹۶
	۱۷ : ۵	۸۷-۹۶
	۱۷ : ۶	۸۹-۹۶
	۱۷ : ۷	۸۱-۹۱
	۱۷ : ۹	۸۱-۹۵
	۱۷ : ۱۰	۸۳-۹۵
	۱۷ : ۱۱	۷۳-۸۵
	۱۸ : ۱	۸۶-۹۶
شہزادی کو نمونیہ	۹ : ۱۰	۷۵-۷۹
گاخاتون کی کہانی	۹ : ۱	۷۵-۸۱

مقالہ نگار، عنوان مقالہ	جلد : شمارہ	صفحہ
گلیم درویشی کی تنگی	۱۰ : ۲	۵۵-۶۳
لال ٹین	۱۲ : ۳	۶۳-۶۵
مچھر کا اعلان جنگ	۳ : ۳	۶۹-۷۵
مدینہ کی جھلک	۳ : ۴	۳۶
مغلوں کا آخری چراغ	۱۸ : ۸	۷۳-۷۶
منظر فراق	۲ : ۸	۲۳۹-۲۴۰
منکہ ایک دھوبی	۳ : ۱۰	۷۷-۸۰
میرا گورا کوئلہ	۹ : ۴	۶۹-۷۰
ہمزاد اور جن قابو کرنے کا عمل	۱۵ : ۱۱	۸۱-۸۴
حسین خان ایم۔اے ٹوکیو		
زمین کی اجتماعی ملکیت اور معاشی ترقی (تلخیص عابد نظامی)	۶ : ۹	۷۵-۸۵
سوشلسٹ معاشرے میں مزدور کا استحصال	۶ : ۱۰	۷۷-۸۴
حسین رؤف		
میں مسلمان کیوں ہوا	۱۳ : ۸	۴۵-۵۰
حشمت علی، مولانا حافظ		
ابنیت مسیح علیہ السلام	۱ : ۱۱	۷۳-۸۰
حفیظ الرحمٰن احسن، پروفیسر		
اسلام اور فنون لطیفہ	۳ : ۹	۸۰-۸۴
	۳ : ۱۰	۸۳-۸۷
اسلام میں جہاد کی اہمیت (مذاکرہ)	۷ : ۱۲	۵۹-۶۴
محمد بن قاسم رحمتہ اللہ علیہ	۳ : ۱۲	۶۲-۷۰
حفیظ تائب		
حافظ مظہر الدین کی نعت	۱۱ : ۱۰	۹۳-۹۷
حفیظ جالندھری، ابوالاثر		
دُوری بھی حضوری بھی	۸ : ۲	۸۱-۸۹
حیدر زمان صدیقی		
اسلام میں تصورِ حکومت	۶ : ۱	۲۹-۳۵
سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اور سیاست	۲ : ۸	۱۳۷-۱۵۳

خ

خادم کیتھلی

مقالہ نگار، عنوان مقالہ	جلد: شمارہ	صفحہ
بیت اللہ کے مسافر	۴:۳	۳۴-۳۲
خالد اشرف		
ماہ صیام تربیت و تزکیہ کا عالمگیر پروگرام	۱:۳	۶۱-۵۵
خالد بزمی، پروفیسر		
اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وسلم	۴:۱۲	۷۰-۶۳
اسد ملتانی کی نعتیہ شاعری	۶:۴	۸۳-۷۹
اعظم چشتی کی نعت گوئی	۳:۳	۸۶-۸۱
پروفیسر سید نذیر نیازی (انٹرویو)	۷:۵	۳۱-۲۵
تحریک ختم نبوت اور مولانا ظفر علی خان	۳:۵	۱۱۶-۱۰۶
حافظ مظہر الدین کی نعت گوئی	۱۲:۲	۹۰-۸۳
حضرت بیدم وارثی رحمۃ اللہ علیہ کی نعتیہ شاعری	۶:۱۳	۹۰-۸۵
دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ	۲:۳	۹۵-۹۳
ڈاکٹر سید عبد اللہ (انٹرویو)	۴:۵	۱۸-۱۳
